نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت ہائیڈروپونک کے ذریعے کچن گارڈننگ کے فروغ کیلئے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اجلاس کا انعقاد۔

ہائیڈروپونک کے ذریعے بے موسمی سبزیات کی کاشت اور پیداوار کیلئے قابلِ عمل پلان بنا کر پیش کیا جائے۔وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی

لاہور31جولائی2024: صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں پنجاب میں ہائیڈروپونیک(Hydroponic) کچن گارڈننگ کے فروغ کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کے علاوہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی کے وائس چانسلر پروفیسر رائے نیاز احمد نے شرکت کی۔

وائس چانسلر رائے نیاز احمد نے صوبائی وزیر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ہائیڈروپوننک زمین کے بغیر اچھی کوالٹی کی سبزیاں اگانے کا طریقہ کار ہے۔ جس کے لیے نہ تو کیڑے مار ادویات اور پیسٹی سائیڈز کی ضرورت ہے بلکہ اس ماڈل کو اپنانے سے ہم سبزیوں کی کئی گنا زیادہ پیداوار، ڈیمانڈ اینڈ سپلائی کے مسئلہ کا حل اور بے موسمی سبزیوں کا حصول ممکن بنا سکتے ہیں۔ صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کچن گارڈننگ وقت کا اہم تقاضا ہے اور اس پراجیکٹ کو جاری وساری کرنے کے لیے وزیر اعلی پنجاب کی قیادت میں پنجاب حکومت بھرپور طریقے سے کوشاں ہے۔ حکومت چاہتی ہے کہ ہم لوگوں کو آف سیزن میں تازہ اور کم قیمت میں سبزیوں کی فراہمی کو یقینی بنا سکیں۔ جس کے لیے شہروں میں کچن گارڈننگ کو فروغ دینا بہت ضروری ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بے شک کچن گارڈننگ مستقبل میں لوگوں کے لیے ایک اچھا کاروبار بھی ثابت ہو گا جبکہ آف سیزن میں لوگوں کو سستے داموں معیاری ٹماٹر اور پیاز دستیاب ہو سکیں گے۔ اپنے گھروں میں گارڈن رکھنے والے افراد باغ میں لگا سکتے ہیں جن کی باغ کی جگہ نہیں ہے وہ گھروں کی چھتوں پر سبزیاں کاشت کر سکتے ہیں۔ صوبائی وزیر زراعت نے اس پراجیکٹ کے سٹرکچر کی کم سے کم مالیت کا تخمینہ لگانے کی ہدایت کی۔ انھوں نے ایسا قابل عمل پلان پیش کرنے کی ضرورت پر زور دیا جس سے حکومت کچن گارڈننگ کے لیے لوگوں کی حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ انھیں مالی سپورٹ بھی فراہم کر سکتی ہے۔ انھوں نے بڑے بڑے شہروں میں لوگوں کی اس پروگرام کی رہنمائی و آگاہی کے لیے ایک جامع مہم چلانے کی بھی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ اس پروگرام کی تربیت کے لیے محکمہ زراعت توسیع کو ٹریننگ پروگرام

شروع کرنے کے احکامات جاری کئے۔ علاوہ ازیں عوام کو سبزیوں کا کوالٹی سیڈ اور فرٹیلائز بھی فراہم کیا جائے گے۔ انھوں نے اس پراجیکٹ کو بڑے شہروں میں لانچ کرنے کے لیے ایک لائحہ عمل بنانے کی ہدایت کی۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت افتخار علی سہونے اس موقع پر کہا کہ حکومت کو کچن گارڈننگ کو فروغ دینے کے لیے ابتدائی طور پر اس کے ٹرائل اور اخراجات پر توجہ مرکوز کرنا ہوگی۔ اس ٹیکنیکل پروگرام کو لانچ کرنے کے لیے پہلے مرحلے میں پنجاب کے پانچ بڑے شہروں میں کمرشل بنیادوں پر شروع کرنے کی ضرورت ہے جس کے لیے حکومت مالی سپورٹ فراہم کرئے گی، دوسرے مرحلے میں حکومتی ادارے ایل ڈی اے، پی ایچ اے کی سطح پر یہ اسکیم شروع کی جائے گی جبکہ تیسرے مرحلے میں گھروں کی سطح پر اس پروگرام کو پروموٹ کیا جائے گا۔

اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری زراعت پنجاب شہنشاہ فیصل عظیم، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، ڈائریکٹر جنرل زرعی اصلاح آبپاشی پنجاب ملک محمد اکرم، ڈی جی زراعت فیلڈ انجینئر سہیل احمد سمیت دیگر اعلی افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆